ONE NATION ONE PASSION
PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE
PCB.COM.PK

پاکستان کرکٹ ٹیم کے دورۂ جنوبی افریقہ کا کل سے آغاز

- پہلا ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل ڈربن میں کھیلا جائے گا

ڈربن، 9 دسمبر2024ء:

پاکستان کرکٹ ٹیم کل سے جنوبی افریقہ کے دورے کا آغاز کرے گی۔ 2019 کے بعد یہ اس کا پہلا دورہ ہے جس میں وہ تینوں فارمیٹس میں میزبان ٹیم کا مقابلہ کرے گی۔

دورے کا آغاز منگل کو ڈربن کے کنگز میڈ اسٹیڈیم میں تین میچوں کی سیریز کے پہلے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل سے ہوگا۔ دوسرا اور تیسرا ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل بالترتیب 13 اور 14 دسمبر کو سپراسپورٹ پارک سنچورین اور دی وانڈررز اسٹیڈیم جوہانسبرگ میں ہوگا۔ تین ون ڈے 17، 19 اور 22 دسمبر کو ہوں گے جس کے بعد سنچورین ٹیسٹ 26 دسمبر اور کیپ ٹاؤن ٹیسٹ 3 جنوری سے کھیلا جائے گا۔

پاکستان کے ٹی ٹوئنٹی اسکواڈ میں وائٹ بال کے کپتان محمد رضوان کی واپسی ہوئی ہے جنہیں زمبابوے کی ٹی ٹوئنٹی سیریز کے دوران آرام دیا گیا تھا۔ بابراعظم، نسیم شاہ اور شاہین شاہ آفریدی کی بھی زمبابوے سیریز میں شرکت نہ کرنے کے بعد ٹی ٹوئنٹی اسکواڈ میں واپسی ہوئی ہے۔

پاکستان نے جنوبی افریقہ کے خلاف آخری دوطرفہ ٹی ٹوئنٹی سیریز ہوم گراؤنڈ پر فروری 2021 میں 2-1 سے جیتی تھی اور پھر اپریل 2021 میں اسی کی سرزمین پر 3-1 سے شکست دی تھی۔

جنوبی افریقہ کی قیادت ریگولر کپتان ایڈن مارکرم کی جگہ ہینرک کلاسن کریں گے۔

کپتان محمد رضوان کا کہنا ہے کہ ہم پچھلے مہینے سے مصروف ہیں اور یہ ہمارا لگاتار تیسرا بیرون ملک دورہ ہے، جس نے یونٹ کو تیاریوں کے لحاظ سے اور جلد از جلد مقامی حالات کا عادی بنا دیا ہے۔ بابر، نسیم اور شاہین کی وائٹ بال اسکواڈ میں واپسی ٹیم کے لیے ایک خوش آئند پیش رفت ہے اور نوجوانوں اور تجربے کے عمدہ امتزاج کے ساتھ ہم اس ٹی ٹوئنٹی سیریز میں جنوبی افریقہ کو چیلنج کرنے کے منتظر ہیں۔

"جنوبی افریقہ کی کنڈیشنز بھی بولنگ اٹیک کو سپورٹ کریں گی اور ہم زمبابوے کے خلاف آخری دورے سے جیت کے تسلسل کو جاری رکھنے کے لیے بے چین ہیں۔

پاکستان ٹی ٹوئنٹی اسکواڈ: محمد رضوان (کپتان اور وکٹ کیپر) ابرار احمد، بابر اعظم، حارث رؤف، جہانداد خان، محمد عباس آفریدی، محمد حسنین، محمد عرفان خان، عمیر بن یوسف، صائم ایوب، سلمان علی آغا، شاہین شاہ آفریدی، سفیان مقیم، طیب طاہر اور عثمان خان (وکٹ کیپر)۔

جنوبی افریقہ اسکواڈ: ہینرک کلاسن (کپتان) اوٹنیل بارٹمین، میتھیو بریزک، ڈونووان فریرا، ریزا ہینڈرکس، پیٹرک کروگر، جارج لینڈے، کے وینا مافاکا، ڈیوڈ ملر، ایزبیچ نوکیا، این قاباپیٹر، رائن ریکیلٹن، تبریز شمسی، اینڈیل سائملین، اور راسی وان ڈر ڈوسن۔

میچوں کا شیڈول: (پاکستانی وقت کے مطابق۔)

10 دسمبر - پہلا ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کنگز میڈ، ڈربن (رات 9 بجے)۔

13 دسمبر - دوسرا ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل۔ سپر اسپورٹ پارک سنچورین (رات 9 بجے)

14 دسمبر - تیسرا ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل۔ دی وانڈررز اسٹیڈیم، جوہانسبرگ (رات 9 بجے)

17 دسمبر-پہلا ون ڈے بولینڈ بینک پارک، پارل۔(شام 5 بجے)

19 دسمبر-دوسرا ون ڈے نیو لینڈز کیپ ٹاؤن(شام 5 بجے)

22 دسمبر-تیسرا ون ڈے دی وانڈررز اسٹیڈیم، جوہانسبرگ(شام 5 بجے)

26 دسمبر-پہلا ٹیسٹ سپر اسپورٹ پارک، سنچورین(دوپہر ایک بجے)

3 جنوری-دوسرا ٹیسٹ نیو لینڈز، کیپ ٹاؤن(دوپہر ایک بجے)

-ENDS-

Media contact:

Media, Communications and Digital Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Pathway Cricket Programme

Broadcast & Live Streaming Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial